تعارف و تبصرہ کتب

فتاویٰ علمائے حدیث جلد پنجم و ششم — مولانا ابوالحسنات علی محمد سعیدی صاحب

صفحات — جلد پنجم (۵۶۴) جلد ششم (۴۷۶)

قیمت — جلد پنجم -/۳۵ جلد ششم -/۳۵

کل قیمت -/۷۰ روپے

پتہ — مکتبہ سعیدیہ، خانیوال، ضلع ملتان

پیش آمدہ مسائل کے سلسلے میں لوگوں کو استفسار کی ضرورت پڑتی رہتی ہے۔ اس لیے جب وہ علماء کی طرف رجوع کرتے ہیں تو وہ بھی ان کو مناسب جواب ضرور دیتے رہتے ہیں۔ کچھ استفتاء اور فتوے زبانی کلامی ہوتے ہیں، وہ تحریریں عموماً کم آتے ہیں اور جو تحریری ہوتے ہیں وہ کافی حد تک محفوظ ہو جاتے ہیں۔ اور یہ سلسلہ رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لے کر اب تک جاری ہے اور ابد تک جاری رہے گا — کاش اہل قلم فضلاء ایک ایسی دائرۃ المعارف (انسائیکلوپیڈیا) بھی مرتب کر پاتے جو پیغمبر خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لے کر اب تک جاری کردہ فتووں اور مفتیوں کے تعارف پر مشتمل ہوتی — ہمیں یقین ہے کہ دنیا میں اب تک، جتنی بڑی دائرۃ المعارفیں مرتب کی گئی ہیں، یہ ان سے کچھ کم نہ ہوتی اور یہ ایک علمی اور تاریخی سرمایہ ہوتا جس سے آنے والی نسلیں استفادہ کرتی رہتیں۔ علمائے اسلام کے استنباط، اجتہادی صلاحیتوں اور فکری تخلیقات میں جو بوقلموں تنوع ہے، ان کے مطالعہ سے قلب و نگاہ میں بے پناہ وسعت پیدا ہوتی اور ہماری ملی روایات اور علمائے کرام کے فضل و کمال کی عظمت پر روشنی پڑتی۔

زیر تبصرہ کتاب "فتاویٰ علمائے حدیث" اسی سلسلہ کی ایک چھوٹی سی کڑی ہے۔ یعنی پاک و ہند کے صرف علمائے حدیث کے فتووں کی چھوٹی سی انسائیکلو پیڈیا، گو اس پر اس سلسلے کی حد تک بھی یہ کتاب پوری طرح محیط نہیں ہے، تاہم اس طرف ایک قدم ضرور ہے۔ اگر موصوف چاہیں تو اپنے ناسازگار حالات کے باوجود اس کسر اور کمی کو بھی پورا کر سکتے ہیں۔ بشرطیکہ پاک و ہند